© rasailojaraid.com



اور ڈبل ڈول والا جوان رہا ہوگا۔ بلغار سے آپ مفتی مولانا عبدالقادر یوگوی کی وفات کے موقع پر غواڑی تشریف لائے تھے۔اس وقت گاڑی سے اتر کر روتے ہوئے فرمایا"مرنے کی باری تو میری تھی مگر مولانا عبدالقادر اس میں بھی ہم پر سبقت لے گیئے۔" آپ کے قریبی ذرائع کا کہنا ہے کہ اس کے بعد آپ مشتِ استخوان بن کر رہ گیئے تھے۔اس وقت آپ کی عمر ناپائیدار نوے کے پیٹے میں داخل ہوگئی تھی۔جس میں انسان بمصداق ارشاد الٰہی ﴿ومن نعمّرہ ننکسہ فی الخلق﴾ کا ترجمان ہو جاتا ہے۔

**وفاتِ حسرت آیات:** بڑھاپے کی لاعلاج بیماری تو آپ کو لاحق ہی تھی مگر اکتوبر ۱۹۸۸ء کی ایک شام آپ کی طبیعت یکایک خراب ہوگئی اور تقدیر مبرم آچکی، فرشتہ اجل نے آپ کو بڑی سرعت کے ساتھ عالم برزخ میں پہنچا ہی دیا۔اس وقت آپ کی عمر مستعار ۹۳ برس تھی۔آپ آبائی قبرستان میں مدفون ہوئے۔آپ کی نماز جنازہ میں تمام مکاتب فکر کے عقیدتمندوں نے شرکت کی۔شیخ الحدیث مولانا ثناءاللہ سالک نے نماز جنازہ پڑھائی۔

**اولاد واحفاد:** مولانا کی چار اولاد تھی۔صاجزادوں کے نام یہ ہیں: (۱) مولوی عبداللہ، آپ نے والد گرامی سے تعلیم حاصل کی۔(۲) مولانا عبدالرحمٰن شیخ، آپ نے دارالحدیث رحمانیہ کراچی اور دارالعلوم اوڈانوالہ سے تعلیم حاصل کی۔اور مؤخر الذکر ادارہ سے ۱۹۶۹ میں سند فراغت حاصل کی۔اس کے بعد سے محلہ ژھوق میں دارالعلوم بلتستان کی طرف سے معلم اور خطیب ہیں۔(۳) صوبیدار محمد علی، آپ نے ۱۹۹۴ء میں وفات پائی۔تینوں فرزندان اور چوتھی دختر اولادِ ذکور واناث سے مالا مال ہے، جو اللہ کی ایک بیش بہا نعمت ہے۔

## جناب مولانا نعیم بٹ کو صدمہ

**7-5-11:** چند غنڈوں نے مولانا محمد نعیم بٹ نائب ناظم اعلیٰ مرکزی جمعیت اہلحدیث پاکستان کی اہلیہ محترمہ کو سوتے حالت میں شہید کر دیا اور فرار ہوگیئے۔ہم اس بہیمانہ سلوک کی بھرپور مذمت اور حکومت سے مطالبہ کرتے ہیں کہ دہشت گرد قاتلوں کو گرفتار کر کے قرار واقعی سزا دے۔اس موقع پر جناب بٹ صاحب کے شریک غم ہیں۔اللہ تعالیٰ سوگواران کو صبر وشکیبائی اور مرحومہ کو جنت الفردوس عطا فرمائے۔

(جمعیت اہلحدیث بلتستان)

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

تاریخ کے اوراق

# ماہ اگست کے اہم واقعات

ابوعبداللہ

2002- 8 - 03 مولانا عبدالوہاب حنیف سابق مدیر التعلیم جامعہ ہذا ورئیس مجلس عاملہ ریاض میں ایک ٹریفک حادثے میں جاں بحق ہوگیے۔آپ مدرسہ اوڈانوالہ فیصل آباد کے فارغ تھے۔ادارہ کے لیے آپ کی گرانقدر خدمات تھیں۔رحمه الله وغفرله وأدخله فسيح جناته!

2009- 8- 07 بلتستان کو الگ ڈویژن (کمشنری) کا درجہ دیا گیا۔

2005- 08 خادم الحرمین الشریفین فہد بن عبدالعزیز نے وفات پائی اور ولی عہد عبداللہ بن عبدالعزیز سریرآرائے مملکت ہوگیے۔اسی روز فاتح عیسائیت مناظر اسلام شیخ احمد دیدات نے بعمر ۸۷ سال وفات پائی۔

610 - 8- 10 رسول اکرم ﷺ پر غار حرا میں پہلی وحی ﴿اقرأ باسم ربك الذي خلق﴾ تا پانچ آیات کے ساتھ ہوئی۔یہ ۱۷ رمضان مبارک کی تاریخ تھی۔

1947- 8- 14 طویل جدوجہد آزادی اور ہزاروں مسلمانوں کی جانی و مالی قربانیوں کے بعد ملک ہندوستان انگریز سامراج سے آزاد ہوا اور روئے زمین پر نظریہ لا إله إلا الله کے نام پر معرض وجود میں آنے والا پہلا ملک پاکستان دنیا کے نقشے پر ابھر آیا۔اور یہ ۲۷ رمضان المبارک کی تاریخ تھی۔

1948- 8- 14 مقامی جدوجہد اور مجاہدین بلتستان کی سرفروشانہ قربانیوں کی برکت سے بلتستان ڈوگرہ راج سے آزاد ہوا۔اور پاکستان کے ساتھ الحاق ہوا۔تحریک آزادی کے اس سفر میں دیگر مجاہدین کے ساتھ مسلک اہلحدیث بلتستان کی جانی اور مالی قربانیاں بھی قابل ذکر ہیں۔

1975- 8- 15 بنگلہ دیش کے صدر شیخ مجیب الرحمن اپنے محافظ میجر کرنل فاروق وساتھیوں کے ہاتھ افراد کنبہ کے ۲۲ افراد کے ساتھ قتل ہوئے۔ان پر بھارت نوازی کا گہرا شبہ تھا۔

641 - 8- 16 حضرت عمرو بن العاص رضی اللہ عنہ کے ہاتھوں دور عمر فاروق رضی اللہ عنہ میں مصر فتح ہوا۔

© rasailojaraid.com